الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ31مئی 2022

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ابتدائی حلقہ بندیوں کی رپورٹ بمعہ فہرست(فارم 5) عوا م الناس کی آگاہی کے لئے شائع کر دی ہے اور یہ الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ www.ecp.gov.pkپر بھی موجود ہے۔ حلقہ بندیوں کی اشاعت 30دن (یکم جون سے 30جون2022) تک جاری رہے گی ۔ ابتدائی حلقہ بندیوں پر اعتراضات(Representations) متعلقہ حلقہ کا ووٹر کر سکتا ہے ۔ یہ Representations سیکرٹری الیکشن کمیشن کے نام ہوگی اور 30جون 2022تک الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ شاہرہ دستور اسلام آباد میں جمع کروائی جا سکتی ہیں ۔الیکشن کمیشن فریقین کا موقف سننے کے بعد یکم جولائی سے 30 جولائی 2022 تک ان اعتراضات (Representations) پر فیصلے کرئے گا۔

اعتراضات **(Representations) جمع کروانے کے لئے ضروری ہے کہ**

1- Representations جمع کروانے والا متعلقہ حلقہ کاووٹر ہو۔

2- Representations میمورنڈم (Memorandum) کی صورت میں بنام سیکرٹری الیکشن کمیشن پیش کرنا ہوگی۔

3- متعلقہ ووٹر میمورنڈ م پر دستخط کرئے گا۔ وہ خود اس کا نمائندہ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں قائم سنٹر میں اسے جمع کرائے گا۔

4- Representations اور نقشہ جات کی (8) کاپیاں الیکشن کمیشن میں جمع کروانا ہونگی۔

5- ضلع کے نقشہ جات الیکشن کمیشن سے ضروری قیمت ادا کرکے کئے جا سکتےہیں۔

6- بذریعہ کوریئر ، ڈاک اور فیکس وغیرہ Representations قابل قبول نہیں ہونگی۔

7- الیکشنز رولز 2017 کے رول 12 کے تحت Representations جمع کرانی ہو ں گی۔